اسلام کا نظام تربیت

تالیف مولانا ظفیر الدینؒ۔صفحات:۱۹۹۔طباعت: مناسب، کارڈ کور۔ ملنے کا پتا: مکتبہ رشیدیہ بالمقابل مقدس مسجد اردو بازار کراچی۔فون 021-32767232

''اسلام کا نظام تربیت'' کا یہ ایڈیشن جو تبصرے کے لیے بھجوایا گیا ہے نومبر 1978ء میں شایع ہوا تھا۔مولانا مفتی ظفیر الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے استاذ حدیث اور مرتب فتاویٰ دارالعلوم تھے۔انہوں نے مختلف معاشرتی موضوعات پر کتابیں تصنیف فرمائیں۔منجملہ ایک ان میں سے یہ بھی ہے اپنے موضوع پر ابتدائی نوعیت کی کتاب ہے اور ''بچوں کی تربیت اسلام میں''،''بچوں کے کان میں کلمات اذان''،''عقیدہ اسلام کی نظر میں''،''ختنہ اور اس کی حیثیت''،''بچوں کی پرورش''،''بچے اور مذہبی تعلیم''،''اولاد اور اسوۂ انبیاء کرام''،''اولاد کے حق میں دعا اور بددعا کی اہمیت''،''تعلیم گاہیں اور سیرت سازی''،''نابالغ بچوں سے متعلق چند مسائل''جیسے عنوانات پر قرآن حدیث اور آثار سے قابل قدر ذخیرہ جمع کیا گیا ہے۔

ماہ کامل

مدح رسول پر مبنی غیر منقوط مجموعہ کلام۔از: مفتی رحمت اللہ شاہ عباسی۔صفحات 232۔طباعت: عمدہ، آرٹ پیپر فور کلر پرنٹنگ۔ملنے کا پتا: مدرسہ خالد بن ولید، پسنی ضلع گوادر۔فون 0313-2801850

شاعری الفاظ کو ایک خاص ترتیب اور سانچے میں ڈھالنے کا فن ہے، الفاظ وہی ہوتے ہیں جو اکثر ہم روزمرہ استعمال کرتے ہیں،لیکن اس خاص نظم میں ڈھل کر اپنے اندر تصورات ومعانی کا ایک جہان پیدا کردیتے ہیں۔شاعری کی ایک صنف 'نعت' ہے۔نعت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدحت کا نام ہے۔اس صنف میں بھی شعراء نے حصول تبرک کے لیے طبع آزمائیاں کی ہیں۔بعض شعراء نے بہ فحوائے ''خلقت مبرء امن کل عیب'غیر منقوط نعتیں بھی کہی ہیں، جو ایک مشکل کام ہے۔غیر منقوط تحریر لکھنا یا اشعار کہنا نئی بات نہیں، لیکن اس میدان میں قدم کوئی کوئی رکھتا ہے۔حضرت مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم فرماتے ہیں کہ:......''کسی خاص صنعت کی پابندی کے ساتھ کوئی عام ادبی تحریر لکھ لینا اتنا مشکل نہیں،لیکن کسی خاص دینی موضوع پر غیر منقوط تحریر لکھنا حقیقتاً کمال کی بات ہے۔''

متعدد کتابیں اس صنف میں موجود ہیں۔مثلاً علی بن محمد الحزوری الشافعی کی ''تفسیر سورۃ الفاتحہ''،عبدالسلام بن سید عمر بن محمد الحنفی الماردینی کی ''شرح الفاتحہ''،سید محمود بن محمد دمشقی کی ''درالاسرار فی تفسیر القرآن'' کا ذکر ذخیرہ کتب میں ملتا ہے ۔برصغیر میں علامہ ابوالفضل فیضی نے ''سواطع الالہام'' کے نام سے غیر منقوط تفسیر لکھی، یا جیسے پنجابی شاعر صائم چشتی مرحوم کی '''صل علیٰ محمدؐ'' ہے۔عربی اور اردو شاعری میں غیر منقوط کلام مل جاتا ہے،لیکن چوں کہ یہ کام ہر آدمی کے بس کا نہیں اس